Music By O. P. Nayyar

گورودت فلمز لیمٹڈ کا بہترین و نایاب ڈرامہ

مسٹر اینڈ مسز ۵۵

yes

109

मिस्टर व मिसेज ५५

89

سلور جوبلی

good

اداکاران [illegible]

مدھوبالا۔ گورودت۔ یاسمین

للتا پوار۔ جانی واکر [illegible]

قیمت ۱/

زینت اینڈ کو بک سیلرز دریبہ کلاں دہلی

گانے

مسٹر انبالہ منسر کے

بلا

محمد رفیع

ن: دل میرا ہوا ایسا جادو طبیعت مچل مچل گئی
ر: یہ میں کیا کسی سے کہ حالت بدل بدل گئی
کل تک ہمارا نہ پوچھو کیا حال تھا
جیتی کہیں آنکھ دل کو یہ ملال تھا
اس نے جو دیکھا تو حسرت نکل گئی
ن: بھیدے بس پیارے اپنی تو قسمت بدل گئی — دل میرا...
کیسی ہے الفت کی دل لگی اے ہمنشیں
وہ ہو گئی میری اور اسے خبر نہیں
ظالم محبت بھی کیا چال چل گئی
ن: پیارے بس پیارے اپنی تو قسمت بدل گئی — دل میرا...
ملتی ہے آہٹ سی پیارے اس کے پاؤں کی
دل پہ چمکتی ہیں بجلیاں اداؤں کی
ہو گا اجالا کہ اب رات ڈھل گئی
ن: پیارے بس پیارے اپنی تو قسمت بدل گئی — دل میرا...

گانا نمبر ۲

ر: — ٹھنڈی ہوا — کالی گھٹا — آ ہی گئی جھوم کے
ن: — پیار لئے ڈولے ہنسی ناچے جیا گھوم کے
ل: — بیٹھی تھی چپ چاپ یونہی۔ دل کی کلی چوم کے میں
دل نے یہ کیا بات کہی۔ رہ نہ سکی ساجن کے بن
میں جو چلی دل نے کہا اور ذرا جھوم کے

پیار لئے ڈولے ہنسی نہ لپٹے جیا گھوم کے

کورس:۔ ٹھنڈی ہوا کالی گھٹا ....

لڑکی:۔ آج تو میں اپنی چھبی۔ دیکھ کر شرما گئی
جانے یہ کیا سوچ رہی تھی کہ ہنسی آ گئی
لٹ گئی زلف میری ہونٹ میرا چوم کے ـــــ پیار لئے ڈولے....

کورس:۔ ٹھنڈی ہوا کالی گھٹا.........

لڑکی:۔ دل کا ہر ایک تار ہلا۔ چھڑنے لگی راگنی
گھبرا اٹھے رین نئے۔ نیکے چیڑوں کا منی
کہہ دے کوئی۔ آج گھٹا برسے ذرا جھوم کے
پیار لئے ڈولے......

کورس:۔ ٹھنڈی ہوا کالی گھٹا......

گانا نمبر ۳

لڑکا:۔ جانے کہاں میرا جگر گیا جی۔ ابھی ابھی یہیں تھا کدھر گیا جی زبیدہ اور
لڑکی:۔ کسی کی اداؤں پہ مر گیا جی۔ بڑی بڑی آنکھوں سے ڈر گیا جی

لڑکا:۔ کہیں مارے ڈر کے چوہا تو نہیں ہو گیا
کونے کونے ڈھونڈھا۔ جانے کہاں کھو گیا

لڑکی:۔ یہاں اسے لائے گا جو کو بنا کام رے
جلدی جلدی ڈھونڈ دو کہ ہونے لگی شام رے

لڑکا:۔ جانے کہاں...... لڑکی:۔ کسی کی اداؤں....

۔ کوئی الفت کی نظر ذرا پھیر دے
لے دو چار آ لے جگر میرا پھیر دے

لڑکی:۔ ایسے نہیں چوری کھلے کی تکرار سے

چپو چپ تھا نے تبائیں جھلا رے

لڑکا: جانے کہاں...... لڑکی: کیسی کی اداؤں.....

تیکھی تیکھی کہہ دو دکھاؤ نہیں چال رے
تو نے تو نہیں ہے چرایا میرا مال رے

لڑکی: باتیں ہیں نظر کی نظر سے سمجھاؤں گی
پہلے پڑو پیّاں تو پھر بتلاؤں گی

لڑکا: جانے کہاں..... لڑکی..... کیسی کی اداؤں......

گانا نمبر ۵

اب تو جی ہونے لگا کسی کی صورت کا سامنا
گوری گوری گوری کو پڑے نہ کہیں رہے دل تھامنا
ٹھنڈی ٹھنڈی ٹھنڈی دیکھو پون چلے
دھیرے دھیرے کاہے من میں جلے
آ جا کہیں تو دُور جائیں۔ دیکھو تیرے پاس آئیں
گوری تیرے ساجنا ——— اب تو جی ہونے لگا...

ہنسی ہنسی ہنسی گوری من من میں
کھلا کھلا کھلا پیار تن من میں
رے کا رے نینا کھوئے ۔ سیّاں جی کے پاس ڈولے
ہمیں مت بلائیے نا ——— اب تو جی...

جب جب نینا پیا سے ملے
دھک دھک میرا جیا ہلے
دنیا یہ جان جائے۔ کوئی پہچان جائے
ایسا کرئیے کم نا ——— اب تو جی.....

گانا نمبر ۵

نیلے آسمانی - نیلے آسمانی
بوجھو تو یہ نیناں بابو کس کے لئے ہیں
اپنی اداؤں کی مستی میں چور ہیں
سب سے یہ ملتے ہیں پر سب سے دور ہیں
نیلے نیلے اور نشیلے جو میں لہرائیں رنگ چھلکائیں
رس کے دو پیمانے لئے ــــــ نیلے آسمانی ۔۔۔
زندہ دلوں کی یہ ہیں زندگانیاں ۔ کہتے ہیں یہ دھڑکنوں کی کہانیاں
نیلے نیلے اور نشیلے جو میں لہرائیں ۔ رنگ چھلکائیں ۔ رس کے دو پیمانے لئے
نیلے آسمانی ۔۔۔
ان سے جو ملنا ہے دنیا کو بھول جا
دھرتی پہ رہ کے ستاروں پہ جھول جا
نیلے نیلے اور نشیلے جو میں لہرائیں رنگ چھلکائیں ۔ رس کے دو پیمانے لئے
نیلے آسمانی ۔۔

گانا نمبر ۶

لڑکا :- چل دیئے بندہ نواز ۔ چھیڑ کر میرے دل کا ساز
ہم ترستے ہی رہے ۔ جلوے برستے ہی رہے
لڑکی :- سنئے مسٹر چالباز نہئے نہ بڑے نخرے انداز
اور کوئی گھر دیکھئے ۔ دل کو یہاں مت پھینکئے
لڑکا :- چل دیئے ۔۔۔۔۔
ہے مجھ میں ذہن کے درد جگر ۔ دل میں کھٹکتی ہے تیری نظر
لڑکی :- بس بس تم جیسوں نے جناب ۔ کر ڈالا الفت کا خانہ خراب

لڑکا:۔ مان جا اے سنگدل۔ دل سے مِلا لے میرا دل
لڑکی:۔ سنیئے مسٹر...... لڑکا:۔ چل دیئے......
" دامن سے کھینچ ڈرایا تھا کو۔ سمجھو ذرا اپنی اوقات کو
لڑکا:۔ اوقات میری نہ پوچھیں حضور ہوں آپ کا مجھ کو ہے غرور
لڑکی:۔ یوں نہ رشتہ جوڑیئے۔ دامن ہمارا چھوڑ دیئے
لڑکا:۔ چل دیئے..... لڑکی:۔ سنیئے مسٹر.....
" مانا کہ بگڑے ہیں میرے نصیب۔ اُلفت نہ سمجھے امیر و غریب
لڑکی:۔ چھوڑو یہ اُلفت کی باریکیاں۔ رستہ تو جنگل کا مجنوں میاں
لڑکا:۔ چھوڑ کر اب تیرا در جائے یہ دیوانہ کدھر
لڑکی:۔ سنیئے مسٹر..... لڑکا:۔ چل دیئے..

گانا نمبر ۳

لڑکا:۔ اُدھر تم حسین ہو، اِدھر دل جواں ہے
یہ رنگین راتوں کی اِک داستاں ہے
لڑکی:۔ یہ کیسا ہے نغمہ یہ کیا داستاں ہے
بتا اے محبت میرا دل کہاں ہے
لڑکا:۔ میرے گھر میں آئی ہوئی ہے بہار
قیامت ہے پھر بھی کروں انتظار
لڑکی:۔ محبت مجھے ایسی صدا دے رہی ہے
کہ خود رات انگڑائیاں لے رہی ہے
جدھر دیکھتی ہوں نظارہ جواں ہے
لڑکا:۔ ادھر تم..... لڑکی:۔ یہ کیسا ہے نغمہ.....
" شگفتہ سہی نازنین کی یہ پرچھائیاں۔ بُری ہیں محبت کی تنہائیاں

لڑکی :- مہکنے لگا میری زلفوں میں کوئی
کلی جاگتے دھڑکتی سوئی سوئی۔ میری ہر نظر آج دل کی زباں ہے
لڑکا :- ادھر تم حسیں ہو..... لڑکی :- یہ کیسا بیاں ہے.....
" ترستا ہوں میں ایسے دلدار کو۔ جو دل میں بسا لے میرے پیار کو
لڑکی :- تیرے خواب ہیں میری راتوں پہ چھائے
میرے دل پہ ہیں تیری پلکوں کے سائے
کہ میرے لبوں پر تیری داستاں ہے
لڑکا :- ادھر تم..... لڑکی :- یہ کیسا بیاں ہے....

گانا نمبر ۸

رفیع اور کورس

میری دنیا۔ میری دنیا لٹ رہی تھی اور میں خاموش تھا
ٹکڑے ٹکڑے دل کے چھٹتا کسکو اتنا ہوش تھا
آنکھ میں آنسو نہ تھے اور جل رہا درد جگر۔ رو رہی تھیں حسرتیں چپ چاپ میں بے خبر
اور کیسے آتا۔ ہائے۔ کیسے آتا ہوش میں جو پہلے سے بیہوش تھا
ٹکڑے ٹکڑے دل کے چھٹتا..... میری دنیا..... خاموش تھا
ہاں یہ حقیقت ہے سے کچھ نہ افسانہ کوئی۔ جب لٹا کوچے میں انکے جا کے دیوانہ کوئی
اور یہ زمیں۔ یہ زمیں چپ چاپ تھی اور آسماں خاموش تھا
ٹکڑے ٹکڑے..... ہوش تھا۔ میری دنیا..... خاموش تھا
کارواں دل کا لٹا تنہائیوں منزل کے قریب میں نے خود کشتی ڈبو دی جا کے ساحل کے قریب
کیا میں کرتا۔ کیا میں کرتا میں شراب عشق سے مدہوش تھا
ٹکڑے ٹکڑے..... ہوش تھا..... میری دنیا..... خاموش تھا

(ختم شد)

صنعت و حرفت کے خفیہ راز

مصنف نے اس کتاب میں اپنی معلومات کا خزانہ جمع کر دیا ہے۔ جس طرح ایک غریب انسان تجارت کے ذریعہ نمایاں ترقی کرتا ہوا مالدار بن سکتا ہے۔ یورپ۔ امریکہ جاپان کی بڑی بڑی تجارتی کمپنیوں کے فارمولے سینکڑوں اشیا بنانیکے نسخے۔ عطریات۔ تیل۔ کریم۔ پاؤڈر اور روزمرہ زندگی میں کام آنیوالی سینکڑوں چیزوں کو بنانے اور تیار کرنیکے طریقے درج ہیں۔ گویا تجارت کے متعلق ایک جامع اور مکمل کتاب ہے۔ ہزارہا بے روزگاروں کو ہزاروں روپے کی تجارت سکھا کر مالدار بنا چکی ہے

قیمت صرف ۳۱/۱/۰ محصولڈاک معاف

بغیر استاد کے چند دنوں میں ہارمونیم سکھانیوالی کتاب

فلمی ہارمونیم گائیڈ

موجودہ زمانے میں جتنا ہارمونیم کو پسند کرتے ہیں کسی دوسری چیز کو نہیں۔ اور پھر فلمی گانوں پر بجانا بہت ہی پسند کرتے ہیں۔ اسلئے فلمی مصنف نے اس کتاب کے اندر تمام سُر اور گانے جمع کئے ہیں۔ قیمت صرف ۱/۴/۰ محصولڈاک معاف

جواہرات کا ڈھیر

جسمیں اچار۔ چٹنی۔ مربے۔ شربت۔ عطر۔ کشتہ۔ جات۔ معجون۔ خمیرہ۔ ٹنچر۔ ادویہ کے نسخے اور مٹھائیاں بنانیکے گر۔ ہزارہا روپے کے قیمتی فارمولے۔ کوڑیوں سے اشرفیاں پیدا کرنیوالے راز ظاہر کر دیئے گئے ہیں۔ قیمت صرف ۱/۴/۰ محصولڈاک معاف

ملنے کا پتہ

رتن اینڈ کو بک سیلرز دریبہ کلاں دہلی